سنتھیا ڈیوس
صدر اور سی ای او

ڈاکٹر ٹونی سٹون
چیف اف سٹاف

10 فروری، 2021

محترم دوستو اور ہمسائیو،

Lakeridge Health کے لیے آپ کے بھرپور تعاون اور COVID-19 کا پھیلاؤ روکنے میں آپ کی متواتر کاوشوں کا شکریہ۔

جیسا کہ ہم اکٹھے اس عالمی وبا کا مقابلہ کرنا جاری رکھے ہوئے ہیں، گزشتہ سال کے دوران دوسرے صوبائی لاک ڈاؤن کی وجہ سے ہیں دوبارہ ہنگامی صورتحال کا سامنا ہے۔ کام کے لیے ضروری سفر، ضروری خریداری اور طبی ملاقاتوں کے علاوہ لوگوں کے گھروں پر رہنے کے باعث، گزشتہ چند ہفتوں کے دوران ڈرہم کے علاقے میں COVID-19 کے پھیلاؤ میں کچھ کمی دیکھی گئی ہے۔ بہر حال، ہم اپنے ہسپتالوں میں COVID-19 کے مریضوں کی ایک نمایاں تعداد کا علاج جاری رکھے ہوئے ہیں۔

اس کے علاوہ، آپ کی خدمت کے دوران ہم COVID-19 سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں اپنے پارٹنر ہسپتالوں پر بوجھ کے باعث دیگر علاقوں کے اونٹاریئنز کی نگہداشت کر کے عالمی وباء کے خلاف صوبائی سرگرمیوں میں تعاون کر رہے ہیں۔ اگر ہمیں مدد کی ضرورت ہوئی تو ہم اپنے انہی پارٹنرز سے کہیں گے۔

جیسا کہ ہمیں اس وبائی مرض سے نمٹتے ہوئے تھکاوٹ کا سامنا ہے، تاہم ہماری صف اول کی ٹیمیں ہماری کمیونٹی کے ان لوگوں کے علاج میں غیر معمولی لچک اور عزم ظاہر کر رہی ہیں جنہیں صحت کی خصوصی نگہداشت کی خدمات درکار ہیں۔ ہماری ٹیمیں انتھک محنت کر رہی ہیں اور محفوظ، اعلیٰ معیار کی نگہداشت کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے نئے اور جدید طریقہ کار متعارف کر رہی ہیں۔

ویکسین کے حوالے سے تازہ ترین معلومات: ترجیحی آبادی کے ساتھ پیش رفت جاری ہے

نئے سال کے ساتھ ابتدائی COVID-19 ویکسینز کی امید افزا تقسیم ہو رہی ہے۔ فخریہ طور پر Lakeridge Health اونٹاریو کے ان ہسپتالوں میں شامل ہے جو Pfizer COVID-19 ویکسین تقسیم کر رہے ہیں۔ Oshawa Hospital میں سائٹ پر ویکسین کلینک اور ہمارے موبائل ویکسی

نیشن کلینک کے ذریعہ، ہم پہلے ہی ترجیحی آبادی کو 15,000 سے زیادہ ویکسینز فراہم کر چکے ہیں: رہائشی، عملہ، اور طویل مدتی کیئر ہومز اور ریٹائرمنٹ ہومز کے لازمی نگہداشت فراہم کنندگان، نیز سنگین خطرے کے حامل نگہداشت فراہم کرنے والے کارکنان۔

ہماری موجودہ توجہ اونٹاریو میں ویکسین کی تقسیم کے مرحلہ 1 میں مدد فراہم کرنا ہے۔ ڈرہم ریجن پیرامیڈکس اور پبلک ہیلتھ کے اشتراک سے، ہم ویکسین کی رسد کی بنیاد پر مرحلہ 1 میں نشاندہی کردہ قابل متاثر گروہوں کے تحفظ کے لیے ویکسین کی تقسیم کے لیے حتی الامکان تیزی سے کام کر رہے ہیں۔

ہمیں علم ہے کہ آپ میں سے متعدد لوگ منظور شدہ ویکسینز کی مزید تقسیم کی خبر کا بے صبری سے انتظار کر رہے ہیں۔ فی الحال، ہمارا کلینک عام عوام کو ویکسین کی اپوائنٹمنٹ فراہم کرنے سے قاصر ہے۔ اونٹاریو کی ویکسین کی تقسیم کے منصوبہ کے بارے میں مزید تفصیلات کے لیے براہ کرم وزارت صحت کی ویب سائٹ یا ڈرہم ریجن پبلک ہیلتھ کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔ ہم آئندہ مہینوں میں یہ یقینی بنانے کے لیے اپنے پارٹنرز کے ساتھ اشتراک سے کام کریں گے کہ جیسے ہی ویکسین ہمیں موصول ہو وہ آپ تک پہنچ جائے۔

ورچوئل فوری نگہداشت کا کلینک: اپنے گھر سے نگہداشت تک رسائی کرنا

صحت کی نگہداشت کی خدمات تک رسائی کو بہتر بنانا، خاص طور پر اس عالمی وبا کے دوران، Lakeridge Health کی ترجیح رہی ہے۔ Lakeridge Health نے بیرونی مریضوں کے ڈایالیسس، ذہنی صحت کی خدمات، اور بحالی جیسے پروگراموں کے لئے دیگر ورچوئل نگہداشتی خدمات پر مبنی ایک نیا ورچوئل فوری نگہداشت کا کلینک شروع کیا ہے۔

نیا کلینک غیر جان لیوا صورتحال کے لیے واک ان کلینک کی طرح کام کرتا ہے، محض یہ کہ نگہداشت تک رسائی کسی بھی جگہ سے کسی موبائل فون یا فعال وائی فائی کے حامل کمپیوٹر کے ذریعہ کی جاتی ہے۔ کسی معالج سے بات کرنے کے لیے مریض محفوظ نیٹ ورک کے ذریعہ مربوط ہو سکتے ہیں اور ضرورت پڑنے پر طبی مشورے، ادویات کے نسخے، اور ریفرل موصول کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ورچوئل کلینک تک رسائی حاصل کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو براہ کرم www.lh.ca ملاحظہ کریں۔

شیڈول کردہ سرجری

جیسا کہ ہم COVID-19 کے مریضوں کی تعداد میں مزید اضافے کے لیے تیاری کر رہے ہیں جنہیں داخل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے، Lakeridge Health نے فی الحال Oshawa Hospital اور Ajax Pickering Hospital میں شیڈول کردہ سرجریز کی تعداد کو کم کرنے کا مشکل فیصلہ کیا ہے۔

ہمارا مقصد سب کے لیے محفوظ ماحول فراہم کرتے ہوئے حتی الامکان زیادہ سے زیادہ سرجریز کرنا ہے۔ اگرچہ ہر سرجری اس فرد کے لیے اہم ہوتی ہے جسے اس کی ضرورت ہوتی ہے، تاہم ابھی ہم نے کسی بھی ملتوی کردہ اندرونی مریضوں کی سرجری کو ایسے مریض کے لیے بدل دیا ہے جسے دن میں سرجری یا دیگر بیرونی مریضوں کی خدمات درکار ہوں۔ جیسا کہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ COVID-19 سے بیمار لوگوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے، لہٰذا ہمیں شیڈول سرجریز کا ایک بہت بڑا حصہ ملتوی کرنا پڑ سکتا ہے۔

ہم یہ تعین کرنے کے لیے ہر سرجری کا جائزہ لے رہے ہیں کہ ہم اپنے مریضوں کی ضروریات کو پورا کرنا کیسے جاری رکھ سکتے ہیں۔ ہمیشہ کی طرح، ہم ایک اخلاقی فریم ورک استعمال کر کے اور اپنی اقدار سے ہم آہنگی کی بنیاد پر یہ فیصلے کر رہے ہیں۔ ہم سرجریز کی معمول کی تعداد جلد از جلد دوبارہ شروع کر دیں گے جب ایسا کرنا محفوظ طور پر ممکن ہوا۔

COVID-19 کا ٹیسٹ: اگر آپ میں علامات ہوں تو تاخیر مت کریں

ابتدا میں ہی جانچ اس وائرس کے خلاف نہایت اہم ہے۔ اگر آپ یا آپ کے گھر میں کوئی اور بیمار محسوس کرتے ہیں، تو ہم آپ سے گزارش کرتے ہیں کہ فوری طور پر Covidswab.lh.ca پر COVID-19 کا ٹیسٹ بک کروائیں۔ تاخیر کرنا نامعلوم طور پر وائرس پھیلانے کا خطرہ بڑھا دیتا ہے۔

ڈرہم کے علاقے میں COVID-19 کے چھ معائنہ مراکز اور تین سیٹلائٹ مقامات دستیاب ہیں۔ نیز، ایک موبائل COVID-19 ٹیسٹنگ بس اب کمیونٹی کے اندر-گھر پر مقیم عمر رسیدہ یا ٹیسٹ کے مقام کا سفر کرنے سے قاصر افراد کے لیے-ٹیسٹ کرنے کی سہولیات لا رہی ہے۔ اس اقدام کو شروع کرنے اور ہماری کمیونٹی میں سب سے قابل متاثرہ افراد کی مدد کرنے پر ڈرہم ریجن پیرامیڈکس کا شکریہ۔ ٹیسٹنگ سینٹر کے مقامات اور اوقات کار کے لیے براہ کرم ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

براہ کرم چوکنا رہیں

ہمیں معلوم ہے کہ "COVID کی تھکاوٹ" واقعی میں موجود ہے۔ لیکن اب ہمیں آپ کی پہلے سے کہیں زیادہ ضرورت ہے۔ براہ کرم بنیادی حفاظتی قوائد پر عمل کرتے ہوئے ہوشیار رہیں: گھر پر رہنا، صرف ضروری مقاصد کے لیے باہر جانا، صرف ان لوگوں تک رابطہ محدود کرنا جن کے ساتھ ہم رہتے ہیں، اپنے ہاتھ اکثر دھونا، اور اپنے سماجی حلقے سے باہر ہونے کے دوران ماسک پہننا۔

تحقیق کافی حد تک ظاہر کرتی ہے کہ نسلی اور نسبی اقلیتیں غیر متناسب طور پر COVID-19 سے متاثر ہوئی ہیں۔ رواں ماہ جبکہ ہم **بلیک ہسٹری منتھ** (Black History Month) منا رہے ہیں، یہ ضروری ہے کہ ہم اپنی ڈرہم کے علاقے کی متنوع کمیونٹی کے تمام ممبران کی حفاظت اور مدد کے لیے چوکس رہیں۔

بلیک ہسٹری منتھ سیاہ فام کینیڈینز کی متعدد نمایاں کامیابیوں اور کردار کو سراہنے کا موقع ہے جنہوں نے کینیڈا کے ایک متنوع، ہمدرد اور خوشحال قوم بننے کے سفر کو تشکیل دیا ہے۔ پورے مہینے میں ہم نے بہت سی سرگرمیوں اور اعلانات کی منصوبہ بندی کی ہے۔ اس میں ڈرہم کے علاقے کی *Together We Rise* ورچوئل مہم میں شرکت شامل ہے۔ ہماری ویڈیو یہاں دیکھیں اور ہمارے کچھ رہنماؤں کو اس کی وضاحت کرتا دیکھیں کہ ایک جامع ثقافت، جو ایک دوسرے کے اختلافات کو تسلیم کرتی ہے، بنانے کے لیے Lakeridge Health کیسے کام کر رہا ہے۔

ہم سراہتے ہیں کہ آپ ڈرہم کے علاقے میں اور اس کے علاوہ ہونے والی متعدد سرگرمیوں میں ہمارے ساتھ شامل اور شریک ہوں تاکہ بلیک ہسٹری منتھ کو منایا جائے اور مساوات، برابری اور سماجی انصاف کے لیے جاری تحریک میں مدد ملے۔

ہم سب سے کہا گیا ہے کہ اپنے مریضوں کی شفقت اور ہمدردی سے دیکھ بھال کرنے میں اپنی صلاحیتوں اور علم کو بروئے کار لائیں۔ جیسا کہ ہم اس عالمی وبا کے خلاف کام جاری رکھے ہوئے ہیں، ان لوگوں کے لیے جنہیں ہماری سب سے زیادہ ضرورت ہے، ہم صحت کی نگہداشت کے شعبہ میں ایک منظم نظام کی طرف اپنے تبدیلی کے سفر میں پیش رفت کر رہے ہیں۔

براہ کرم صحت مند اور محفوظ رہیں۔

تسلیمات،

سنتھیا ڈیوس
صدر اور سی ای او

ڈاکٹر ٹونی سٹون
چیف اف سٹاف